ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (38)

مورخہ 18.01.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 06 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ اوچشریف اور تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان عابد علی ماچھی اور عامر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 75 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم ساجد کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 520 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ چنی گوٹھ اور تھانہ دھوڑکوٹ پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03 ملزمان لیاقت علی، زین العابدین اور فیصل رشید کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد پسٹل 9MM برآمد کر لئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(39)

18.01.24

بہاول پور(   )ڈی پی او سید محمد عباس کی طرف سے سال نو کے آغاز میں ہی جرائم پیشہ افراد کے خلاف گھیرا تنگ کرنے کے سخت احکامات جاری،گزشتہ سال کی طرح بلکہ اس سے بھی بہتر طور پر رواں سال منفی عناصر کی سرکوبی کو یقینی بنایا جائے،شہریوں کو ایک خوشگوار ماحول میں بہترین سروس ڈیلیوری بھی ناگزیر ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس کی افسران کو ہدایات

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس نے جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کے حوالے سے پولیس افسران کو سخت احکامات جاری کر دیے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کی طرح رواں سال بلکہ اس سے بھی مزید جانفشانی اور ایمانداری سے کام کرتے ہوئے معاشرے کے ناسور عناصر کے خلاف آپریشن کو تیز کیا جائے، مجرمان اشتہاری، منشیات فروش، راہزنوں اور دیگر منفی عناصر کو قانون کے مطابق گرفت میں لاتے ہوئے جیل کی سلاخوں کے پیچھے دھکیلا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ اسپیشل انشیٹو پولیس اسٹیشنز بنانے کا مقصد ہیکہ شہریوں کو ایک پرسکون اور جاذب نظر ماحول میں بہترین سروس ڈیلیوری کو یقینی بنایا جائے کیونکہ ہر آنے والا شہری ہمارے لیے ایک وی آئی پی کی حیثیت رکھتا ہے لہذا کسی بھی شہری کے ساتھ منفی رویہ کی شکایت پر متعلقہ افسر کو سخت احتساب کا سامنا کرنا پڑے گا، ڈی پی او سید محمد عباس نے شہریوں سے بھی مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ میرے دفتر کے دروازے ہر معزز شہری کیلئے ہمیشہ کھلے ہیں اور ہمارا مقصد صرف اور صرف بہاولپور کے باسیوں کو ایک محفوظ بہاولپور دینا ہے تاکہ ملک وقوم کی ترقی میں ایک مثبت کردار ادا کرسکیں اور جرائم پیشہ افراد کو کیفر کردار تک پہنچانا ہے۔

ترجمان پولیس بہاولپور

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے نئے سال کے آغاز پر ضلع بھر کے پولیس افسران کو اپنی پراگرس مزید بہتر بنانے کے حوالے سے متعدد احکامات جاری کردیئے